ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 میں طالب علموں کے لیے ٹکٹ رعائیتی نرخوں پر دستیاب

- "مارچ میڈنس" مہم کے تحت طالب علموں کو لیگ کے ٹکٹ 30 فیصد رعائیتی نرخوں پر دستیاب ہوں گے
- مزید تفصیلات کے لیے www.psl-t20.com وزٹ کیجئے
- ایونٹ کے ہیش ٹیگز #HBL #HBLPSLV #Tayyarhain ہیں
- تمام میڈیا ہاوسز سے درخواست ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل سے متعلق کسی بھی خبر میں ایونٹ کا مکمل ٹائٹل درج کریں

کراچی، 29 فروری، 2020ء:

مارچ کے آغاز سےقبل پاکستان کرکٹ بورڈ نے "مارچ میڈنس" مہم متعارف کروادی ہے۔ مہم کے تحت ملک بھر میں موجود طالب علموں کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے ٹکٹ رعائیتی نرخوں پر دستیاب ہوں گے۔

طالب علموں کو رعائیتی نرخوں پر ٹکٹ کی فراہمی یکم مارچ بروز اتوار سے شروع ہوگی۔ طالب علموں کو 30 فیصد رعائیتی نرخوں پر ٹکٹ ٹی سی ایس کے مخصوص سنٹرز پر دستیاب ہوں گے۔

پی سی بی نےشائقینِ کرکٹ کی لیگ میں بڑھتی دلچسپی کے پیش نظر "مارچ میڈنس" مہم متعارف کروانے کا اعلان کیا ہے۔

فی الحال ملتان اور راولپنڈی میں جاری ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کےمیچز کے دوران اسٹیڈیمزمیں "ہاوس فل" دیکھا جارہا ہے۔

اس سے قبل نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور قذافی اسٹیڈیم لاہور میں بھی شائقینِ کرکٹ کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی تھی۔ اس دوران 22 فروری کو ڈبل ہیڈر والے روزدونوں اسٹیڈیمز میں "ہاؤس فل" رہا تھا۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 "مارچ میڈنس":

- مہم کے تحت طالب علم اپنے تعلیمی ادارے کا شناختی کارڈ دیکھا کر ٹکٹ پر 30 فیصد رعائیت حاصل کرسکتےہیں۔
- طالب علم اپنے تعلیمی ادارے کے شناختی کارڈ پر ایک میچ کے زیادہ سے زیادہ 7 ٹکٹ رعائیتی نرخ پر خریدسکتے ہیں۔
- یہ پیشکش یکم مارچ سے نافذ العمل ہوگی۔ لیگ کے کُل 21 میچز مارچ کے مہینے میں کھیلے جائیں گے۔
- یہ پیشکش ایونٹ کے پلے آف میچز اور فائنل کے لیے دستیاب نہیں ہوگی۔
- یہ پیشکش صرف وی آئی پی اور پریمیئم معیار کی ٹکٹوں کے لیے ہے۔
- ایونٹ کا مکمل شیڈول یہاں دستیاب ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners